Ministry of Labour

# آپ کے روزگار کے معیارات کے حقوق – عارضی امدادی ایجنسی کے تفویض والے ملازمین

**اعلان دستبرداری:** یہ وسیلہ ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون 2000 (ای ایس اے) ,Employment Standards Act) 2000 (ESA) اور ضوابط کے تحت مقرر کردہ بعض کم از کم حقوق اور ذمہ داریوں کو سمجھنے میں ملازمین اور آجرین کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ای ایس اے (ESA) یا ضوابط کی جگہ لینا نہیں ہے اور حوالہ ہمیشہ قانون کے باضابطہ ورژن کا ہی دیا جانا چاہیے۔ یوں تو ہم یہ یقینی بنانے کی پوری کوشش کرتے ہیں کہ اس وسیلہ کی معلومات ممکنہ حد تک تازہ ترین اور بالکل درست ہوں، مگر بسا اوقات غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔ ای ایس اے (ESA) صرف کم از کم معیارات فراہم کرتا ہے۔ بعض ملازمین کو ملازمتی معاہدے، اجتماعی معاہدے، عمومی قانون یا دیگر قانون کے تحت وسیع تر حقوق حاصل ہو سکتے ہیں۔ آجرین اور ملازمین قانونی مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ معلوماتی پرچہ عارضی امدادی ایجنسیوں کے اسائنمنٹ والے ملازمین کے لیے ملازمتی معیارات سے متعلق ایکٹ (ای ایس اے) (Employment Standards Act, ESA) کے حقوق کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔ ای ایس اے (ESA) ایک قانون ہے جو اونٹاریو کے زیادہ تر جائے کار میں کم از کم معیارات، جیسے کم از کم اجرت، کام کے گھنٹوں کی حدود، اوور ٹائم کی ادائیگی، تعطیلات، اور بعض وجوہات کے سبب کام کے لیے تحفظ یافتہ چھٹیاں طے کرتا ہے۔ آپ جس قسم کا کام کرتے ہیں اس کے لحاظ سے خصوصی اصول اور استثناء لاگو ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے Ontario.ca/ESAguide ملاحظہ کریں۔

## کسی عارضی امدادی ایجنسی کے اسائنمنٹ والے ملازمین

آپ ایسی صورت میں کسی عارضی امدادی ایجنسی کے اسائنمنٹ ملازم ہوتے ہیں جب کہ آپ اور ایجنسی نے اس بات پر اتفاق کیا ہو کہ وہ ایجنسی کے کسی کلائنٹ کاروبار (یا کلائنٹ کاروباروں) کے ساتھ آپ کو عارضی طور پر کام کرنے کے لیے متعین کرے گی یا متعین کرنے کی کوشش کرے گی۔ ایسی صورت میں بھی ایجنسی کے ساتھ آپ کا ملازمتی رشتہ رہتا ہے جب کہ آپ کے پاس ایجنسی کے کلائنٹ کے کاروبار کے ساتھ کوئی اسائنمنٹ نہ ہو۔

## سرکاری چھٹیوں اور سرکاری چھٹی کی تنخواہ کا حق

اونٹاریو میں نو سرکاری چھٹیاں ہیں۔ عام طور پر، اگر آپ کسی اسائنمنٹ پر ہیں اور سرکاری چھٹی اسی دن ہوتی ہے جب کہ آپ عام طور پر کام کررہے ہوتے ہیں تو آپ کو سرکاری چھٹی والے دن کام سے چھٹی کرنے اور اس دن کے لیے سرکاری چھٹی والی تنخواہ کی ادائیگی پانے کا حق ہے۔ سرکاری چھٹی کی ادائیگی عام طور آپ کی کمائی ہوئی مجموعی مستقل اجرتیں نیز اس چھٹی کی تنخواہ ہوتی ہے جو کام کے اس ہفتے سے قبل جس میں سرکاری چھٹی شامل ہوتی ہے چار ہفتوں میں قابل ادائیگی ہوتی ہے، جس کو 20 سے تقسیم کیا جاتا ہے۔ 1 جنوری 2018 اور 30 جون 2018 کے بیچ سرکاری چھٹیوں کفے لیے ایک مختلف حساسب لاگو ہوتا ہے۔

اگر آپ تحریری شکل میں، بشمول الیکٹرانک طریقے سے چھٹی کے دن کام کرنے پر اتفاق کرتے ہیں تو پھر آپ کو سرکاری چھٹی کی ادائیگی نیز پریمیم تنخواہ (آپ کی ادائیگی کی مستقل شرح کا کم از کم ڈیڑھ گنا) یا ادائیگی کی آپ کی مستقل شرح نیز سرکاری چھٹی کی ادائیگی کے ساتھ ایک متبادل دن کی چھٹی کا حق ہے۔

سرکاری چھٹیوں کی کی بابت مزید معلومات کے لیے، براہ کرم *ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون کے لیے آپ کا رہنما* (*Your Guide to the Employment Standards Act*) میں "عارضی امدادی ایجنسیاں" دیکھیں جو Ontario.ca/ESAguide پر دستیاب ہے۔

## ملازمت کے خاتمہ کی نوٹس اور ملازمت سے سبکدوشی والی ادائیگی کا حق

اگر آپ کو کسی عارضی امدادی ایجنسی نے کم از کم تین مہینوں کے لیے ملازمت پر رکھا ہے تو عام طور پر آپ کو ایسی صورت میں معطلی کی نوٹس پانے کا حق ہے جب ایجنسی آپ کا ملازمتی رشتہ ختم (معطل) کرتی ہے۔ آپ کو کام پر رہتے ہوئے نوٹس، ورکنگ نوٹس کے بجائے ادائیگی، یا دونوں دیا جا سکتا ہے۔ عام طور پر، کم از کم نوٹس جو آپ کو لازمی طور پر ملنی چاہیے وہ ایک ہفتہ (اگر آپ کم از کم تین مہینوں لیکن ایک سال سے کم عرصے سے ملازمت پر ہیں) سے آٹھ ہفتے (اگر آپ آٹھ سالوں یا زیادہ عرصے سے ملازمت پر ہیں) تک کی ہے۔ آپ کی نوٹس کے استحقاق کا تعین اس امر سے کیا جاتا ہے کہ آپ کو ایجنسی نے کتنی مدت سے ملازمت پر رکھا ہے، نہ کہ اس بات سے کہ آپ ایجنسی کے کلائنٹ کے کاروبار (کاروباروں) میں اسائنمنٹس پر کتنی طویل مدت سے کام کر رہے ہیں۔

کام کرنے کے اسی چار ہفتے کی مدت کے اندر اسائنمنٹ والے 50 یا اس سے زائد ملازمین کو معطل کرنے کی صورت میں بڑے پیمانے پر معطلی پر مختلف اصول لاگو ہوتے ہیں۔

اگر آپ کسی ایجنسی میں پانچ یا زیادہ سالوں سے ملازم رہے ہیں تو ایسی صورت میں آپ کو ملازمت سے قبل از وقت سبکدوشی کی ادائیگی حاصل کرنے کا حق ہے اگر ایجنسی آپ کی ملازمت ختم (ملازمت سے الگ) کرتی ہے۔

معطلی، بڑے پیمانے پر معطلی اور قبل از وقت سبکدوشی کے معاوضے کی ادائیگی کی بابت مزید معلومات کے لیے، براہ کرم *ملازمت کے معیارات سے متعلق قانون کے لیے آپ کا رہنما* (*Your Guide to the Employment Standards Act*) میں "عارضی امدادی ایجنسیاں" والا باب دیکھیں جو Ontario.ca/ESAguide پر دستیاب ہے۔

## اسائنمنٹ کی معطلی کی نوٹس کا حق

اسائنمنٹ کی معطلی – جو ملازمت کی معطلی سے مختلف ہوتی ہے – اس صورت میں پیش آتی ہے جب اسائنمنٹ والے ملازم/والی ملازمہ نے کلائنٹ کے ساتھ اپنے اسائنمنٹ کو معطل کر دیا ہو، مگر وہ اب بھی عارضی امدادی ایجنسی کے یہاں بر سر ملازمت ہو۔

عام طور پر، عارضی امدادی ایجنسی سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ کسی اسائنمنٹ والے ملازم کو **یا تو اسائنمنٹ کی معطلی کا ایک ہفتے کا تحریری نوٹس، اسائنمنٹ کی معطلی کی ادائیگی، یا دونوں ہی** فراہم کرے **اگر:**

1. اسائنمنٹ والے ملازم کو کلائنٹ کا کام انجام دینے کے لیے تفویض کیا گیا ہے؛
2. اسائنمنٹ جس وقت ملازم کو پیش کیا گیا تھا اس وقت اس کی تخمینی میعاد تین مہینے یا اس سے زائد تھی؛
3. اسائنمنٹ کی میعاد ختم ہونے سے پہلے اس کو معطل کر دیا جاتا ہے۔

اسائنمنٹ کی معطلی کی بابت مزید معلومات کے لیے، براہ کرم *ملازمت کے معیارات سے متعلق ایکٹ کے لیے آپ کا رہنما* (Your Guide to the Employment Standards Act) میں "عارضی امدادی ایجنسیاں" والا باب دیکھیں جو Ontario.ca/ESAguide پر دستیاب ہے۔

## کوئی ایجنسی آپ سے مخصوص فیس وصول نہیں کر سکتی

ایجنسی آپ کو ملازمت پر رکھنے یا اسائنمنٹ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کے لیے آپ پر فیس عائد نہیں کرسکتی۔ یہ آپ کو معلومات فراہم کرنے یا یہ مشورہ دینے کے لیے آپ سے فیس نہیں وصول کر سکتی کہ ریزیومے کس طرح لکھنا ہے یا انٹرویو کی تیاری کیسے کرنی ہے، اس وقت بھی نہیں جب معلومات یا مشورہ آپ کی درخواست پر فراہم کیا گیا ہو۔

## اگر کسی ایجنسی کا کلائنٹ کا کاروبار آپ کو نوکری کا حوالہ دینا یا اپنے ملازم میں شامل کرنے کے لیے آپ کو بحال کرنا چاہتا ہو

کوئی ایجنسی کلائنٹ کے کاروبار کو آپ کو کام کا حوالہ فراہم کرنے سے نہیں روک سکتی۔

کوئی ایجنسی اپنے کلائنٹ کے کاروبار کو براہ راست آپ کو ملازمت پر رکھنے سے نہیں روک سکتی اگر کلائنٹ کا کاروبار ایسا کرنا چاہتا ہو۔ اگر ایجنسی آپ کو کسی کلائنٹ کے کاروبار کے ساتھ اسائنمنٹ پر متعین کرتی ہے تو یہ کلائنٹ کے کاروبار سے آپ کی خدمات کے لیے معاوضہ لے سکتی ہے، لیکین صرف چھ مہینے کے وقفے کے لیے جس کا آغاز اس دن سے ہوتا ہے جب آپ نے پہلی بار کلائنٹ کے کاروبار کے لیے کام کرنا شروع کیا ہو۔

اگرکسی ایجنسی کا کلائنٹ کا کاروبار آپ کو اپنی ملازمت پر رکھنا چاہتا ہو تو ایجنسی آپ سے یہ نہیں کہہ سکتی کہ آپ یہ ملازمت نہیں کرسکتے۔ اگر کسی کلائنٹ کا کاروبار معاوضے پر آپ کی خدمات حاصل کرنا چاہتا ہو تو ایجنسی آپ سے فیس وصول نہیں کرسکتی۔

## ایجنسی کے بارے میں معلومات فراہم کیا جانا ضروری ہے

ایجنسی پر آپ کو ایجنسی کا قانونی نام اور رابطہ کی معلومات دینا لازم ہے۔ یہ معلومات لازمی طور پر، تحریری شکل میں، آپ کے اسائنمنٹ والے ملازم بننے کے بعد جلد از جلد فراہم کی جانی چاہیے۔

## اسائنمنٹ کے بارے میں معلومات فراہم کیا جانا ضروری ہے

جب ایجنسی آپ کو اپنے کسی کلائنٹ کے کاروبار کے ساتھ اسائنمنٹ کی پیشکش کرتی ہے تو اس پر لازم ہے کہ آپ کو کلائنٹ کے کاروبار کا قانونی نام اور رابطے کی معلومات؛ اجرت کی شرح اور فوائد (اگر کوئی ہو)؛ کام کے گھنٹے؛ کام کی عمومی وضاحت؛ اسائنمنٹ کی تخمینی میعاد (اگر معلوم ہو)؛ اور ادائیگی کا وقفہ اور ادائیگی کا دن بتائے۔ اگر ایجنسی آپ کو یہ معلومات دیتی ہے، لیکن پیشکش کرتے وقت تحریری شکل میں اسے فراہم نہیں کرتی ہے تو ایجنسی کو جتنی جلدی ممکن ہو اسے تحریری شکل میں فراہم کرنا ضروری ہے۔

## ای ایس اے (ESA) کے بارے میں معلومات فراہم کیا جانا ضروری ہے

ایجنسی سے آپ کے اسائنمنٹ والا ملازم بن جانے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو آپ کو اس معلوماتی پرچہ کی کاپی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

اگر آپ کی پہلی زبان انگریزی نہیں ہے تو ایجنسی کو یہ پتہ کرنا ضروری ہے کہ آیا معلوماتی پرچہ آپ کی پہلی زبان میں دستیاب ہے اور، اگر ہے تو، ایجنسی کے لیے آپ کو انگریزی ورژن اور ترجمہ شدہ دستاویز دونوں فراہم کرنا ضروری ہے۔ کثیر لسانی وسائل Ontario.ca/employmentrights پر دستیاب ہیں۔

ایجنسی کے لیے آپ کے ملازم بن جانے کی تاریخ سے 30 دنوں کے اندر وزارت محنت سے شائع شدہ ملازمتی معیارات کے پوسٹر (Employment Standards Poster) کی کاپی آپ کو فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔

اگر آپ پوسٹر کی ایک کاپی انگریزی کے علاوہ دوسری زبان میں طلب کرتے ہیں اور وزارت نے اس زبان میں اس کا نسخہ شائع کیا ہے تو، ایجنسی کے لیے انگریزی کاپی کے علاوہ ترجمہ شدہ نسخہ فراہم کرنا ضروری ہے۔ پوسٹر Ontario.ca/ESAposter پر دستیاب ہے۔

## ای ایس اے (ESA) کے اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انہیں بروئے کار لانے پر آپ کو سزا نہیں دی جا سکتی ہے

اگر آپ ای ایس اے (ESA) کے تحت اپنے حقوق کے بارے میں پوچھتے ہیں یا یہ کہتے ہیں کہ آپ کو آپ کے حقوق دیئے جائیں تو، ایجنسی یا کلائنٹ کا کاروبار آپ کا اسائنمنٹ ختم کرنے کے بشمول، کسی بھی طرح سے آپ کو سزا نہیں دے سکتا۔ آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ ای ایس اے (ESA) کے اپنے حقوق کے بارے میں پوچھنے یا انہیں بروئے کار لانے پر آپ کی ایجنسی کے ذریعہ یا کلائنٹ کے ذریعہ آپ کو سزا نہ دی جائے۔

## ایجنسی اور کلائنٹ کے کاروبار کو ریکارڈوں کو سنبھال کر رکھنا ضروری ہے

ایجنسی پر ہر کلائنٹ کے کے لیے ہر روز اور ہر ہفتے اسائنمنٹ والے ملازم کے کیے گئے کام کے گھنٹوں کی تعداد ریکارڈ کرنا لازم ہے۔ کلائنٹ(س) پر بھی ان کے لیے ہر روز اور ہر ہفتے اسائنمنٹ والے ملازم کے کیے گئے کام کے گھنٹوں کی تعداد ریکارڈ کرنا لازم ہے۔

## ایجنسی اور کلائنٹ دونوں ہی آپ کی اجرتوں کے جوابدہ ہو سکتے ہیں

اگر آپ کسی کلائنٹ کے کاروبار یا کلائنٹ کے کاروبار کے لیے کام انجام دیتے ہیں اور ایجنسی ادائیگی کی اس مدت کے لیے آپ کی بعض یا تمام واجب الادا اجرتیں ادا کرنے میں ناکام ہو جاتی ہے، تو کلائنٹ کا (کے) کاروبار ان بعض یا تمام غیر ادا شدہ اجرتوں کے لیے مشترکہ طور پر اور سختی کے ساتھ جوابدہ ہو سکتے ہیں۔ خاص طور پر، کلائنٹ کے کاروبار کو غیر ادا شدہ مستقل اجرتوں، اوور ٹائم کی ادائیگی، سرکاری چھٹی کی ادائیگی اور سرکاری چھٹی کی پریمیم ادائیگی کے لیے جوابدہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ اگر ایک سے زیادہ کلائنٹ کا کاروبار ادائیگی کی مدت میں جوابدہ ہے تو، اس کلائنٹ کے کاروبار کے لیے کیے گئے کام کے گھنٹوں کے تناسب میں کل واجب اجرتوں کے حصے کے لیے ایجنسی کے ساتھ ساتھ ہر کلائنٹ کا کاروبار مشترکہ طور پر اور سختی کے ساتھ جوابدہ ہے۔

### اگر آپ کا کوئی سوال ہے یا آپ دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں

اگر ای ایس اے (ESA) کے بارے میں آپ کے سوالات ہوں تو، وزارت محنت کے ملازمت کے معیارات کے مرکز معلومات (Employment Standards Information Centre) کو 416-326-7160 پر، ٹول فری 1-800-531-5551 پر یا TTY 1-866-567-8893 پر کال کریں۔ معلومات متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔

دعوی دائر کرنے کے لیے، آپ Ontario.ca/ESAforms پر آن لائن امپلائمنٹ اسٹینڈرڈز کلیم فارم (Employment Standards Claim Form) تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔